بغیر آواز کے آیت سجدہ پڑھنے سے سجدہ تلاوت کا حکم

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2761

تاریخ اجراء: 23 ذیقعدۃ الحرام 1445ھ / 01 جون 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص قرآن پاک پڑھ رہا ہو اور اس کے فقط ہونٹ ہل رہے ہوں، آواز بالکل بھی نہ نکل رہی ہو یعنی اتنی بھی آواز نہ ہو جو اس کے اپنے کانوں تک پہنچ سکے اور اس حالت میں اگر وہ آیت سجدہ پڑھے تو کیا اس پر سجدہ تلاوت واجب ہو گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

سجدہ تلاوت آیتِ سجدہ کی قراءت کرنے یا سننے سے لازم ہوتا ہے اور قراءت سے سجدہ تلاوت کے وجوب میں یہ شرط ہے کہ کم از کم اتنی آواز سے پڑھے کہ اگر کوئی عذر یعنی شور و غل، بہرا پن وغیرہ نہ ہو، تو پڑھنے والا خود سُن لے کہ اصل پڑھنا یہی ہے۔ بغیر آواز کے صرف زبان ہلانا، قراءت کے احکام کے اعتبار سے در حقیقت پڑھنا ہی نہیں لہذا اگر کسی نے اس طرح آیتِ سجدہ پڑھی کہ آواز اصلاً پیدا نہ ہوئی، صرف زبان اور ہونٹ ہلے، تو اس سے سجدہ تلاوت واجب نہیں ہو گا۔

آیت سجدہ کی قراءت سے سجدہ تلاوت کب واجب ہو گا، اس کے متعلق فتاوی ہندیہ میں ہے" رجل قرأ آية السجدة لا يلزمه السجدة بتحريك الشفتين وإنما تجب إذا صحح الحروف وحصل به صوت سمع هو" ترجمہ: کسی شخص نے آیت سجدہ کی قراءت کی، تو اس پر صرف ہونٹ ہلانے سے سجدہ لازم نہیں ہو گا، بلکہ سجدہ اس وقت واجب ہو گا جب وہ حروف کو صحیح ادا کرے اور اس کے پڑھنے سے اتنی آواز پیدا ہو جس کو وہ خود سن لے۔

(الفتاوى الهندية، جلد 1، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة، صفحه 132، دار الفکر، بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے:"آیت سجدہ پڑھنے یا سننے سے سجدہ واجب ہو جاتا ہے، پڑھنے میں یہ شرط ہے کہ اتنی آواز سے ہو کہ اگر کوئی عذر نہ ہو تو خود سُن سکے۔۔۔ اگر اتنی آواز سے آیت پڑھی کہ سن سکتا تھا مگر شور و غل یا بہرے

ہونے کی وجہ سے نہ سنی تو سجدہ واجب ہو گیا اور اگر محض ہونٹ ملے آواز پیدا نہ ہوئی تو واجب نہ ہوا۔“(بہارِ شریعت، جلد1،حصہ4،صفحہ728،مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net